© rasailojaraid.com



# وضاحت ۔ تبصرہ

عزیز مکرم سید کفیل بخاری صاحب!

فقیر کا جو طویل مضمون بعنوان "جاہلانہ وضاحت کی عالمانہ وضاحت" ماہنامہ نقیب ختم نبوت بابت ماہ جون ۹۰ء میں چھپا، اس میں کچھ اداراتی اور کتابتی اغلاط آگئی ہیں۔ جن کی اصلاح بے حد ضروری ہے۔ مثلاً ۔ اس مضمون کے ص۱۱ اور ص۳۶ میں کسی غلط فہمی کی وجہ سے یوں لکھا گیا کہ ......

"یہ مضمون حضرتِ اقدس مولانا خان محمد صاحب دامت معالیہم کے حکم خاص اور ارشاد پر لکھا گیا"

لیکن حقیقت یہ ہے کہ حضرتِ اقدس نے اس مضمون کے متعلق فقیر کو ایک حرف بھی ارشاد نہیں فرمایا۔ حضرتِ اقدس کا ارشاد تو ایک اور امر واقعہ کے لئے تھا کہ ۔۔ "شاہ صاحب کی مکمل امداد کریں ۔۔"

اس لئے یہ وضاحت فوراً شائع کر دیں۔ اور کتابتی اغلاط کی تصحیح بھی ضرور شائع کریں۔

جولائی کے "نقیب ختم نبوت" میں شاہ بلیغ الدین صاحب کا مضمون عمدہ ہے۔ اسی شمارہ میں غزوہ قسطنطنیہ پر مولانا ابوالحسن علی ندوی صاحب کی عبارت امارتِ یزید کے متعلق پھپھسی ہے۔ جب متنِ بخاری میں .... ویزید بن معاویۃ علیھم بارض الروم .....

اور حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں فانہ (یزید) کان امیر ذالک الجیش بالاتفاق ..... لکھ دیا ہے تو پھر یہ پھپھسا پن محض "سُوءِ نیّت" ہے۔

عطاء المحسن شاہ صاحب سے سلام عرض کر دیں۔

والسلام

فقیر محمد شمس الدین عفی عنہ

از درویش ڈاک خانہ ہری پور ہزارہ

© rasailojaraid.com